**05.03.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

........................................................................

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی کا کہنا ہے کہ اختراع میں سرمایہ کاری ملک کے مستقبل کے لیے اہم ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ مصنوعی ذہانت کئی لاکھ کروڑ روپے کے ساتھ معیشت کو مستحکم کر سکتی ہے۔
- ☆ سرکار نے چار ہزار کروڑ روپے کے ساتھ کیدارناتھ روپ وے کی تعمیر کی منظوری دی ہے۔ اِس سے سفر کا وقت گھٹ کر 36 منٹ کا ہو جائے گا۔ سرکار نے مویشیوں کے صحت پروگرام کی بھی نظرثانی کی ہے۔
- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹرپتی بھون میں سالانہ ثقافتی فیسٹیول کا افتتاح کیا۔ انہوں نے دستکاروں کی مدد اور وراثت کو مستحکم کرنے کے لیے عوامی شراکت داری کی اپیل کی۔
- ☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اپنے برطانوی ہم منصب David Lammy کے ساتھ بات چیت کے بعد کہا ہے کہ بھارت - برطانیہ تعلقات مشکلوں سے دوچار دنیا میں استحکام اور خوشحالی کے لیے اہم ہیں۔
- ☆ بھارت کے ٹیبل ٹینس کھلاڑی اے شرتھ کمل نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔
- ☆ اور لاہور میں چمپئن ٹرافی کے سیمی فائنل میں نیوزی لینڈ نے جنوبی افریقہ کے سامنے جیت کے لیے 363 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM Webinar Employment

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ سرکار نے عوام، معیشت اور اختراع کو اتنی ہی ترجیح دی ہے، جتنی کہ سرمایہ کاری میں بنیادی ڈھانچے اور صنعتوں کو دی گئی ہے۔ آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے روزگار پر بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عوام میں سرمایہ کاری کا ویژن تین ستونوں تعلیم، ہنرمندی اور حفظان صحت پر مبنی ہے۔

S/B - PM On Stakeholder 1415

وزیراعظم نے کہا کہ ملک کا مستقبل اختراع میں سرمایہ کاری پر مشروط ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ مصنوعی ذہانت کے پاس بھارتی معیشت میں کئی لاکھ کروڑ روپے کا تعاون کرنے کی صلاحیت ہے۔ انہوں نے اِس سمت

تیزرفتاری کے ساتھ پیش قدمی کی ضرورت پر زور دیا۔

S/B - PM Modi AI

وزیراعظم نے کہا کہ ٹیلی میڈیسین کی سہولت کی توسیع تمام ابتدائی صحت مراکز تک کی جا رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس بجٹ میں گھریلو اور بین الاقوامی سیاحت کو فروغ دینے کے لیے بہت سارے فیصلے کیے گئے ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ سرکار نے اسٹارٹ اپس کو فروغ دینے کے لیے اِس پروجیکٹ میں کئی اقدامات کیے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ تحقیق اور اختراع کو فروغ دینے کے لیے ایک لاکھ کروڑ روپے کی مخصوص رقم رکھی گئی ہے۔ ×

## Cabinet Briefing

سرکار نے Sonparyag سے کیدارناتھ تک 12 اعشاریہ 9 کلومیٹر کے روپ وے بنانے کی منظوری دی ہے۔ آج نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس پروجیکٹ پر مجموعی طور پر 4 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ خرچ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِس روپ وے سے عقیدت مندوں کے لیے 8 سے 9 گھنٹے کے سفر کا وقت کم ہوکر 36 منٹ کا ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اِس پروجیکٹ سے دیویانگ اور بزرگ لوگوں کو بہت ہی فائدہ ہوگا۔

S/B- Ashwani Vaishnaw

وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ ہیمکنڈ صاحب روپ وے کی بھی تعمیر کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اِس پر دو ہزار 730 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اِس کی لمبائی 12 اعشاریہ 4 کلومیٹر ہوگی۔

S/B- Ashwani Vaishnaw

جناب ویشنو نے کہا کہ مویشیوں کی صحت اور بیماریوں سے روک تھام کے بھی فیصلے کیے گئے ہیں جس پر تین ہزر 880 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا اہم حصہ ٹیکہ کاری پروگرام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے کسانوں کو مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اچھی اور مناسب قیمت پر مویشیوں کی دوائیاں پشو اوشدھی کے تحت فراہم کی جائیں گی۔×

S/B- Ashwani Vaishnaw

## PM Cabinet

وزیراعظم نریندر مودی نے کابینہ کے فیصلوں کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا کے کئی پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ کابینہ نے آج اتراکھنڈ میں دو نئے روپ وے کی تعمیر کی منظوری دے کر اہم فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ Sonparyag سے کیدارناتھ تک اور گووند گھاٹ سے ہیمکنڈ صاحب جی تک اِن روپ وے کی تعمیر سے نہ صرف عقیدتمندوں کا وقت بچے گا بلکہ اِن سے اُن کا سفر اور آسان ہوگا۔ جناب مودی نے کہا کہ مویشیوں کی صحت اور بیماریوں کے کنٹرول سے متعلق نظرثانی شدہ پروگرام کی کابینہ کی منظوری سے بیماریوں کے کنٹرول، ٹیکہ کاری کو استحکام اور جانوروں کے لیے مناسب قیمتوں پر دواؤں کی دستیابی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ جانوروں کی بہتر صحت، بہتر پیداوار اور کسانوں کی خوشحالی کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔×

## Prez Viridhta Festival

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں ایک سالانہ ثقافتی میلے ''وِوِدھتا کا امرت مہوتسو' کا افتتاح کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس میلے میں ملک کے مختلف حصوں کی رنگارنگ اور متنوع وراثت کا جشن منانے کے ساتھ ساتھ مختلف خطوں کی منفرد روایات کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اس تقریب میں شرکت کریں اور فنکاروں نیز کاریگروں کے اعتمادم کو مستحکم بنائیں۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ اس سال میلے میں پانچ سو سے زیادہ کاریگر، دستکار اور بُنکر روایتی دستکاریوں اور ہتھ کرگھوں کی نمائش کریں گے۔

S/B: Dropadadh Murmu

اس سال، میلے میں جنوبی بھارت پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، جس میں کرناٹک، کیرالہ، تمل ناڈو، تلنگانہ اور آندھرا پردیش کی پانچ ریاستوں کے ساتھ ساتھ لکشدیپ اور پُدوچیری بھی شامل ہیں۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ چار سو سے زیادہ فنکار، جنوبی بھارت کی ثقافتی رنگا رنگی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، مختلف قسم کے لوک اور کلاسیکی رقص اور موسیقی کے پروگرام پیش کریں گے۔

یہ میلہ، کل سے اس ماہ کی 9 تاریخ تک عوام کیلئے کھلا رہے گا۔ لوگ صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک میلے سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ x

## Niti Aayog Paper Release

نیتی آیوگ نے آج نئی دلّی میں کوانٹم کمپیوٹنگ کے تیزی سے ارتقاء اور قومی سلامتی پر اس کے مضمرات کے بارے میں ایک کلیدی پیپر جاری کیا۔ نیتی فرنٹیئر ٹیک ہب نے بھارت کی ڈیٹا سکیورٹی کونسل کے ساتھ شراکت داری میں یہ پیپر جاری کیا ہے۔ اس کا مقصد ملک کو جدید ترین ٹیکنالوجی کے مرکز یعنی فرنٹیئر ٹیک ہب میں تبدیل کرنے کی رفتار کو تیز کرنا ہے۔

نیتی آیوگ کے سی ای او، BVR سبرامنیئم نے پیپر کا اجرا کرتے ہوئے کہا کہ تحقیق، اختراع اور عالمی ساجھیداریوں میں کلیدی نوعیت کی سرمایہ کاری کی بدولت، بھارت کو ٹیکنالوجی کی ترقی میں اولین مقام حاصل کرنے میں بہت مدد ملے گی۔ x

## Guj Conference

گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے آج گاندھی نگر میں گجرات سیمی کنڈکٹر کانفرنس-2025 کا افتتاح کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گجرات، سیمی کنڈکٹرس کی عالمی مانگ اور سپلائی کے نظام میں ایک اہم رول ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیمی کنڈکٹر کیلئے مخصوص ایک پالیسی کے نفاذ کے ساتھ ہی، گجرات نے الیکٹرونکس اور سیمی کنڈکٹرس سے متعلق جدید ترین سہولتیں تیار کرلی ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کانفرنس کے آغاز کے موقع پر ہی آٹھ مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔ بھارت اور مختلف ملکوں کے 1500 سے زیادہ مندوبین کے ساتھ ساتھ 250 نمائش کار، اِس تین روزہ کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ اس کانفرنس کے دوران ملک کیلئے مخصوص 6 راؤنڈ ٹیبلز اور 7 پینل مباحثے منعقد کئے جائیں گے۔ x

## Jharkhand BJP

بھارتیہ جنتا پارٹی پارلیمانی بورڈ نے جھارکھنڈ میں لجسلیٹیو پارٹی کے لیڈر کے انتخاب کے لیے ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو اور OBC Front کے قومی صدر اور ممبر پارلیمنٹ کے۔لکشمن کو مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا ہے۔ یہ فیصلہ اِس لیے کیا گیا ہے کہ کیونکہ BJP کے جھارکھنڈ ریاستی صدر کے طور پر بابو لال مرانڈی کی معیاد ختم ہورہی ہے۔x

## Bhupender Yadav WSDS 2025

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے آج آب و ہوا کی تبدیلی کے خلاف لڑائی میں گلوبل ساؤتھ کے اہم رول کو اجاگر کیا ہے۔ نئی دلی میں عالمی پائیدار ترقیاتی سربراہ کانفرنس 2025 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے عالمی سطح پر مزید تال میل، حوصلہ اور کارروائی کی بات کہی ہے۔ x

## Jaishankar UK Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے انگلینڈ کے Chevening House میں کل دو دنوں کے دوران اپنے برطانوی ہم منصب David Lammy کے ساتھ وسیع اور تعمیری بات چیت کی ہے۔ آج سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں نے باہمی تعلقات کے تمام امور پر تبادلۂ خیال کیا اور کلیدی تال میل، سیاسی تعاون، تجارتی سمجھوتے سے متعلق بات چیت، تعلیم، ٹکنالوجی، نقل و حمل اور عوام سے عوام کے تبادلے پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ دونوں ممالک اِن تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور بہتر بنانے کے مستقبل کے اقدامات وضع کرنے پر بھی رضامند ہوئے۔

انہوں نے یوکرین تنازعہ، مغربی ایشیا، بنگلہ دیش اور دولت مشترکہ سمیت علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے اِس بات پر زور دیا کہ ایک غیر یقینی اور پریشانی سے دوچار دنیا میں بھارت -برطانیہ تعلقات استحکام اور خوشحالی کے لیے کام آسکتے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر 4 مارچ سے 9 مارچ تک برطانیہ اور آئرلینڈ کے دورے پر ہیں وہ کل سے آئرلینڈ کا اپنا دو روزہ دورہ شروع کریں گے۔اپنے دورے کے دوران ڈاکٹر جے شنکر آئرلینڈ کے اپنے ہم منصب Simon Haris اور دوسرے لیڈروں سے بات چیت کریں گے۔ وہ بھارتی برادری کے لوگوں سے بھی ملیں گے۔x

## Trump Terrorist

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگست 2021 میں کابل ایئرپورٹ پر بم دھماکے میں ملوث ایک اہم دہشت گرد پکڑا گیا ہے اور اُسے مقدمے کی کارروائی کے لیے امریکہ لایا جا رہا ہے۔ صدر کے طور پر اپنی دوسری معیاد میں کانگریس سے اپنی پہلی خطاب میں اظہار خیال کرتے ہوئے ٹرمپ نے اِس قدم کو کٹر اسلامی دہشت گردی کے خلاف امریکہ کی نئی طاقت قرار دیا۔

S/B - Trump 2100

انہوں نے 2 اپریل سے باہمی محصول کے نفاذ کا اعلان کیا اور تجارتی پالیسی پر اپنی انتظامیہ کے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے زیادہ محصول کے لیے یوروپی یونین، چین، برازیل، بھارت اور جنوبی کوریا کی نکتہ چینی کی۔ ×

## TT Legend Retire

بھارت کے ٹیبل ٹینس کے مایۂ ناز کھلاڑی A. Sharath Kamal نے اس ماہ کے آخر میں ریٹائر ہوجانے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی 22 سال سے زیادہ عرصہ پر محیط ان کے شاندار کریئر کا اختتام ہوجائے گا۔ Sharath، چنئی میں اپنے آخری ٹورنامنٹ WTT Star Contender کے اختتام پر اپنے دوستوں اور اہل خانہ کے سامنے کھیل کو الوداع کہیں گے۔ یہ ٹورنامنٹ 25 مارچ سے 30 مارچ تک منعقد ہوگا۔ ان کی شاندار حصولیابیوں میں دولت مشترکہ کھیلوں میں سونے کے ساتھ تمغے اور ایشیائی کھیلوں میں کانسے کے دو تمغے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ انھوں نے اولمپک کھیلوں میں پانچ مرتبہ ملک کی نمائندگی کی ہے۔ x

## Cricket

ICC چمپئنس ٹرافی میں لاہور میں کھیلے جارہے دوسرے سیمی فائنل میں، جنوبی افریقہ نے جیت کیلئے درکار 363 رن کے سب سے بڑے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے، اب سے تھوڑی دیر پہلے تک 38 اوورس میں 6 وکٹ پر 212 رن بنا لئے تھے۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے، نیوزی لینڈ نے مقررہ پچاس اوورس میں 6 وکٹ پر 362 رن بنائے تھے۔ نیوزی لینڈ کی جانب سے Rachin Ravindra نے 101 گیندوں میں 108 رن اور Williamson نے 94 گیندوں پر 102 رن بنائے۔

اس مقابلے کی فاتح ٹیم، اتوار کو فائنل میں بھارت کا سامنا کرے گی۔ بھارت کل شام، دبئی میں آسٹریلیا کو پانچ وکٹ سے ہراکر فائنل میں پہنچا ہے۔ x

## Mansukh Khelo India

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر مَن سُکھ مانڈویا نے آج اعلان کیا ہے کہ معذوری سے متاثرہ

افراد کے کھیلو انڈیا پیرا گیمز -2025، نئی دلّی میں اس ماہ کی 20 سے 27 تاریخ تک منعقد کئے جائیں گے۔ ان کھیلوں میں بہت سے بین الاقوامی پیرا ایتھلیٹس حصہ لیں گے۔

کھیلو انڈیا پیرا گیمز، کھیلو انڈیا مشن کا حصہ ہیں۔ اس کا مقصد باصلاحیت ایتھلیٹس کیلئے کھیل کود اور مقابلہ آرائی سے متعلق اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆